بیان

# البرٹا میں خَسرہ کی صورتِ حال پر اَپ ڈیٹ

11 اپریل، 2025ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کے چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ ڈاکٹر مارک جاف (Dr. Mark Joffe) نے البرٹا میں خَسرہ کی صورتِ حال اور البرٹنز اپنی حفاظت کیسے کر سکتے ہیں، کے بارے میں مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

"کینیڈا میں خَسرہ کی وبا پھیل رہی ہے، بشمول البرٹا۔ 11 اپریل تک، ہم صوبے میں 58 تصدیق شدہ کیسز دیکھ چکے ہیں، اور ہم جنوبی اور مرکزی زونز کے اندر اندر بڑھتے ہوئے کیسوں پر پوری توجہ دے رہے ہیں۔ جبکہ کیسوں کی تعداد تشویشناک ہے، مَیں البرٹنز کو بتانا چاہتا ہوں کہ پبلک ہیلتھ کے اہلکار کیسوں اور رابطوں کا انتظام و انتصرام کر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ متاثرہ کمیونٹیوں کی مدد کیلئے مقامی لِیڈر شپ کے ساتھ مِل کر کام کر رہے ہیں۔

"11 اپریل تک، ایک اندازے کے مطابق امکان ہے کہ خَسرہ کے 48 تصدیق شدہ کیس اپنی منتقلی کی مدت سے گزر چکے ہیں (وہ وقت جب کوئی فرد کسی دوسرے فرد کو خَسرہ کا مرض منتقل کر سکتا ہے)۔ تاہم، یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ یہ لازمی طور پر کمیونٹی میں خطرے کی عکاسی نہیں کرتا کیونکہ وہاں ایسے لوگ بھی موجود ہو سکتے ہیں جن میں ابھی خَسرہ کیلئے تشخیص نہیں ہوئی، بمع ایسے لوگوں کے جو صوبے میں ایسے دوسرے مقامات سے آتے ہیں جہاں یہ گردش کر رہا ہے، اور نہ ہی یہ ایسے افراد کی تعداد کی عکاسی کرتا ہے جو خَسرہ سے متاثر ہو چکے ہیں۔

"خَسرہ بچپن کی دوسری عام بیماریوں سے زیادہ سنگین بیماری ہے۔ یہ نمونیا، دماغ کی سوجن اور حتّٰی کہ موت کا سبب بن سکتا ہے۔ خَسرہ کی ابتدائی علامات میں بخار، کھانسی، ناک کا بہنا، آنکھوں کا سرخ ہونا اور جلد پر دھبّے دار سرخ اُبھار شامل ہیں جو بخار شروع ہونے کے تین سے سات دنوں بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر آپ کے اندر خَسرہ کی علامات ظاہر ہو رہی ہوں، تو گھر پر رہیں اور مزید ہدایات کیلئے 811 پر کال کریں۔

"صوبے بھر میں خَسرہ کی وباء کے پیش نظر، مَیں البرٹا میں رہنے والے تمام لوگوں کو یاد دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ یہ وباء انتہائی قابل تدارک ہے۔ البرٹنز اس بات کو یقینی بنا کر کہ ان کے خَسرہ سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے اَپ ٹو ڈیٹ ہیں، اپنے آپ کو اور اپنے ارد گرد کے لوگوں کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ خَسرہ پر مشتمل ویکسین کے ساتھ حفاظتی ٹیکے لگوانا خَسرہ سے بچاؤ کیلئے پبلک ہیلتھ کی واحد اور نہایت اہم حفاظت ہے۔ یہ خاص طور پر دو سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کے والدین کیلئے درست ہے، جو خَسرہ میں مبتلا ہونے کے نتیجے میں اس کے شدید نتائج کیلئے زیادہ اثر پذیر طور پر حساس ہوتے ہیں۔

Classification: Public

"خَسرہ کے حفاظتی ٹیکے انفیکشن اور پیچیدگیوں کو روکنے کیلئے محفوظ اور انتہائی مؤثر ہیں اور اہل البرٹنز کیلئے آسانی سے دستیاب ہیں۔ یہ دیکھنے کیلئے کہ آیا آپ کیلگری یا ایڈمنٹن زون کیلئے حفاظتی ٹیکے لگوانے کے اہل ہیں، آپ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے کے درمیان امیونائزیشن بکنگ لائن کو 811 پر کال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ البرٹا میں کسی دوسرے زون میں رہتے ہیں، تو اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یا کمیونٹی ہیلتھ سینٹر سے رابطہ کریں۔

"البرٹا ہیلتھ alberta.ca/measles پر خَسرہ کے کیسوں کی باقاعدہ اَپ ڈیٹس فراہم کر رہی ہے، بمع عمر کے گروپوں کیلئے توسیعی ڈیٹا، ان لوگوں کیلئے تخمینی ڈیٹا جو اپنے مرض کی منتقلی کی مدت سے باہر ہیں اور کیسوں کے حفاظتی ٹیکوں کے اسٹیٹس اور لگائے جانے والے حفاظتی ٹیکوں کی تعداد کے متعلق تازہ ترین معلومات۔

"یہ ضروری ہے کہ البرٹنز خَسرہ کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ مزید معلومات کیلئے، براہِ مہربانی اس ویب سائٹ پر جائیں، alberta.ca/measles"

## متعلقہ معلومات

- مائی ہیلتھ (MyHealth) البرٹا
- خَسرہ — Alberta.ca
- البرٹا میں خَسرہ کا اکسپوزر - اے ایچ ایس

## میڈیا انکوائریز


### اینڈریو لیونگسٹون (Andrew Livingstone)

587-545-7075
کمیونیکیشنز ڈائریکٹر، ہیلتھ